INTERNATIONAL MONETARY FUND
EXTERNAL RELATIONS DEPARTMENT

بین الاقوامی مالیاتی ادارہ
واشنگٹن، ریاستہائے متحدہ امریکہ

پریس ریلیز نمبر ۳۱٦/۱۰
برائے فوری اشاعت

پاکستان کے بارے میں بین الاقوامی مالیاتی ادارہ (آئی ایم ایف) کا بیان

آئی ایم ایف کے مشرق وسطی اور وسطی ایشیا کے ڈائرکٹر مسعود احمد نے آج مندرجہ ذیل بیان جاری کیا:

" حالیہ سیلابوں سے پاکستان میں کڑوڑوں افراد متاثر ہوے ہیں اور ملک کی معیشت اور حکومت کو ایک سخت مرحلے کا سامنا ہے. یہ آفت اتنی وسیع ہے کہ ملک کی معاشی صورت حال اور بجٹ پر اثر انداز ہوگی، اور پاکستان میں آئی ایم ایف کے پروگرام پر نظر ثانی ضروری ہے.

اس سلسلے میں ہم اگلے ہفتے واشنگٹن میں پاکستانی انتظامیہ سے ملاقات کے دوران سیلاب کے اثرات اور حکومت کے اقدامات کا جائزہ لیں گے اور تبادلۂ خیال کریں گے کہ آئی ایم ایف کس طرح پاکستان کی مدد کر سکتا ہے.

آئی ایم ایف کے سربراہ ڈومینیک سٹراؤس کان نے اپنے خط میں جو انہوں نے صدر آصف علی زرداری کو لکھا یہ یقین دہانی کرائی ہے کہ اس مشکل گھڑی میں آئی ایم ایف پاکستان کے ساتھہ ہے اور جہاں تک ممکن ہو مدد کرنے کے لئے تیار ہے."

Washington, D.C. 20431 • Telephone 202-623-7100 • Fax 202-623-6772 • www.imf.org